یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!

JANUARY 2025
ABC Certified/CPNE Member

آفاقی معلومات کا علمبردار

GOLDEN YEARS 77 سالہ مسلسل اشاعت


ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ® لاہور

شرفِ مشتری اور اجتماع کواکب کا سال

عالمِ اسلام پاکستان اور تیسری عالمگیر جنگ









تمام اچھے بکسٹالر پر دستیاب ہیں

ASTROLOGY FOR ALL

675K SUBSCRIBERS

AQ TV

زنجانی TV

Subscribe Now

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت ®

جلد نمبر 77 | JANUARY 2025 | شمارہ نمبر 10

بانی ادارہ محمد اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سید محمد اذان علی زنجانی
شہزادہ سید علی حمزہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 18000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 18000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 20000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 25000 روپے

قیمت 200 روپے

سالانہ چندہ
نارمل ڈاک 2000 روپے
رجسٹرڈ ڈاک 2500 روپے



کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ نزد چمن مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19 بی ٹی روڈ (...)، بالمقابل ...
PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا




حمد

تری عنایات پر خدایا نگاہ سب کی لگی ہوئی ہے
تری عنایات کی بدولت سبھی کی بگڑی بنی ہوئی ہے
تو آسمان و زمین کا رب ہے، سبھی کو مولا تری طلب ہے
تری غلام ہی تیرے بندوں کو دو جہانوں کی خسروی ہے
تو حی و قیوم ہے الٰہی ہے چار سو تیری بادشاہی
تمام عالم ہے تیرا یا رب تو سارے عالم کی روشنی ہے
جو تیری قدرت کے ہیں مظاہر قدم قدم پر ہیں آشکارا
ترے کرشموں کی دھوم یارب زمانے بھر میں مچی ہوئی ہے
تری ہی تسبیح میں مگن ہے ذکر تیرا ہر ایک لب پر
ہے کوبہ کو کوئلوں کی ''کوکو'' چمن میں بلبل چہک رہی ہے
تری ثناء کون کر سکے گا قدم یہاں کون دھر سکے گا
مگر جسے بھی ہے تونے چاہا اسے یہ توفیق بخش دی ہے
یونہی رہے اس چشم رحمت قلم رہے اس کا وقف مدحت
کہ تیرا یامینؔ تو ہمیشہ ترے کرم ہی کا لکتجی ہے

نعت

از قلم: ارباب نذیر احمد قادری

بچہ بچہ مسکرایا بارہویں کا چاند آیا
خوشیوں کا طوفان لایا بارہویں کا چاند آیا
شادمانی کے ترانے گونجتے ہیں دہر میں
وجد میں ہر شخص آیا بارہویں کا چاند آیا
روشنی ہی روشنی ہے چاندنی ہی چاندنی
ذرہ ذرہ جگمگایا بارہویں کا چاند آیا
ہو گئے ہیں بند سارے ظلمتوں کے باب آج
دہر میں وہ نور آیا بارہویں کا چاند آیا
کھل اُٹھیں کلیاں محبت کی گلوں پر ہے نکھار
باغِ اُلفت لہلہایا بارہویں کا چاند آیا
سازِ جاں پر بج رہا ہے ایک نغمہ بار بار
آمنہ کا لعل آیا بارہویں کا چاند آیا
شکر کرتے ہی رہو ربّ کا اُجاگرؔ صبح و شام
ربّ کا کیسا فضل پایا بارہویں کا چاند آیا



تری مداح خواں ہر زباں غوثِ اعظمؒ
ترا نام مومن کی جاں غوثِ اعظمؒ
پناہ غریباں تیری ذاتِ والا
ترا گھر ہے دار الاماں غوثِ اعظمؒ
ترے جدِ امجد ہیں نورِ الٰہی
ہے نوری تیرا خاندان غوثِ اعظمؒ
ترے وعظ میں آکے شاہِ عرب نے
بڑھالی تیری عز و شاں غوثِ اعظمؒ
ملے گی ہمیں تیرے دامن کے نیچے
دو عالم میں امن و اماں غوثِ اعظمؒ
ذرا صدق دل سے پکارو تو ان کو
ابھی جلوہ گر ہوں یہاں غوثِ اعظمؒ
جمیلؔ اب ہوں ساکت مقام ادب ہے
کہاں تیرا منہ اور کہاں غوثِ اعظمؒ



عامل شاہ زنجانی

"فاطمی سال" 2025ء (9) کے اسرار و رموز و فیض و برکات کا سال

"یا مقتدر (اے قدرت والے) یا غفار (اے بخشنے والے)"

1281 744

2025ء کے عظیم اسمِ اعظم

2025ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب وغریب مگر پُرتاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب المجرب اسم اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

روحانی دُنیا سب کے اندر یقین محکم پالینے کے بعد سے اپنی روحانی توانائیوں کو بیدار کرنا نہایت آسان ہوجاتا ہے۔ بشرط آپ شائق روحانیات ہوں، یوں تو ہر انسان کے ساتھ روح ہے اس کا روحانیات سے زندگی کے آخری لمحہ تک آفاقی روحانیات سے رابطہ رہتا ہے۔ بلاامتیاز و مذہب وملت سبھی ایک خدا کو مانتے ہیں۔ یہ آسان سی بات آپ کی سمجھ میں آگئی تو آپ 2025ء کے عظیم اسمِ اعظم کو پالیں گے۔ خوشیاں آپکا مقدر مال و دولت سکھ و سکون کی دولت سے بھی مالا مال ہو سکتے ہیں اس ابدی خوشیوں کا تسلسل تبھی قائم رہ سکتا ہے کہ آپ اپنے روشن روحانی چراغ کی لَو سے سو چراغ روشن کریں اور یہ سلسلہ جاری رکھیں یقین جانیں آپ کے روحانی چراغ میں نہ تو لَو کم ہوگی اور نہ ہی آئیل میں کمی آئیگی۔ علم لانی تو انبیاء کا علم ہے اور الہامی علوم ہر اُس صاحب روحانیات کو عطا ہو سکتے ہیں جو بندگی بجالاتا ہو اور کثرت سے درود شریف و استغفار کا ورد اپنی زبان کے ساتھ ساتھ قلب سے بھی جاری کرنے کا ماہر ہو جائے۔ روحانیات اور ستاروں کا علم لازم و ملزوم ہیں۔ 2025ء کا مفرد نمبر 9 ستارہ مریخ سے منسوب۔ اب ہم آپکی خدمت میں اس سال کے عظیم اسمِ اعظم کی 2025ء میں سعادت پانے کی سعی کرتے ہیں۔ اسم اعظم کی تلاش میں ایک زمانہ رہتا ہے۔ آصف بن برخیہ بھی ''تورات'' کا تھوڑا سا علم جانتا تھا۔ تبھی حکم حضرت سلیمان بن داوُدؑ سے اس نے ملکہ بلقیس کا تخت یمن سے فلسطین دربار حضرت سلیمانؑ حاضر کردیا۔

2025ء کے اسمِ اعظم اور اس سے فیض کیسے پائیں؟

اسمِ اعظم ''یا مقتدر یا غفار'' 2025ء یا 225 مرتبہ نماز فجر کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھکر پڑھنا معمول بنالیں دن بدن نیک پائیں۔

☆ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السلام کی تسبیح سے بڑھ کر کوئی اور تسبیح نہیں اگر اس سے افضل کوئی اور عمل ہوتا تو حضور پاک ﷺ اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السلام کو وہی عطا فرماتے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہراؑ علیہا السلام کی تسبیح ہر نماز کے بعد بجالانا میرے نزدیک روزانہ ایک ہزار رکعت نماز نافلہ سے زیادہ محبوب ہے۔

☆ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہ تسبیح زبان کے ساتھ سو مرتبہ ہے لیکن میزانِ اعمال میں اس کا ثواب ہزار تسبیح کے برابر لکھا جاتا ہے (سفینۃ البحار جلد ا)

☆ اس تسبیح سے اللہ خوش ہوتا ہے اور شیطان دور بھاگتا ہے۔

☆ روایات میں ہے کہ خاکِ شفا کی تسبیح کا عام تسبیح سے بہت زیادہ ثواب ہے۔

☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کوئی مؤمن خاکِ شفا کی تسبیح پر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے چار سو نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چار سو گناہ بخش دیتا ہے اور اس کی چار سو حاجتیں پوری کرتا ہے آسمانوں کے دروازے قبولیت نماز کے لئے کھول دیتا ہے

☆ اگر خالی تسبیح پھیرتا رہے تو بھی ہر دانہ پر بیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

☆ جس نے حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی تسبیح پڑھی پھر اپنے گناہوں کی بخشش کی دُعا مانگی تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

☆ سید مرتضیٰ علم الہدیٰ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ مشہور تسبیح جناب سیدہ فاطمۃ الزہراؑ میں


۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھے۔

☆ جو شخص تمہ کا تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے بعد ایک مرتبہ **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کہے گا تو اس کلمے کا ثواب سب سے زیادہ ہے کہ جس کا کوئی شمار ہی نہیں تسبیح کے اوّل و آخر تین مرتبہ صلوات پڑھے

☆ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ کے آخر میں **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کا پڑھنا موجب مغفرت ہے


عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

زائچہ نیو مون — 29 میزان 25



بتاریخ 31 دسمبر 2024ء اسلام آباد بوقت 03 بجکر 26 منٹ

زائچہ فل مون — 53 عقرب 06



بتاریخ 14 جنوری 2025ء اسلام آباد بوقت 03 بجکر 26 منٹ

ظہور امام زمانہ علیہ السلام قریب قریب

2024ء کا اختتام فلسطین اور کشمیر کے ساتھ ساتھ روس، یوکرائن جنگ سے پوری دُنیا تباہ کُن متنازعات جغرافیائی (شام) سیاسی کشیدگی اور دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی نئی لہر تیسری عالمگیر جنگ کا پیش خیمہ لگ رہا ہے۔ امریکہ ہی وہ واحد ملک ہے جس نے دوسری جنگ عظیم کے بعد سے ابتک ناختم ہونے والی لاحاصل جنگیں شروع کرر کھی ہیں۔ 30 ممالک سے زیادہ اس کے زخم خوردہ اور ابتک 51 ممالک کی (رجیم) حکومتیں ختم کروا چکا ہے۔ جس میں ہمارا ملک پاکستان بھی شامل ہے۔ احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرامین آئمہ معصومین علیہم السلام سے ہمیں آخری دور کی بہت ساری علامات کا ذکر ملتا ہے۔ کہ یکے بعد دیگرے یہ سبھی علامات پوری ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ **ظہور امام زمانہ** علیہ السلام **قریب قریب** ہے زنجانی جنتری 2025ء میں اشاعت شدہ علم الجفر کا ایک مستحصلہ بھی پیش خدمت ہے۔

یا علیم :۔ امام مہدی علیہ السلام کا ظہور کس سال عیسوی ہوگا؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطر اساس	ا	م	ھ	د	ی	ظ	و	ک	س	ل	ع	ر
موخر صدر	ر	ا	ع	م	ل	ھ	س	د	ک	ی	و	ظ
مستحصلہ	ط	ا	ن	م	ی	ن	س	ھ	ر	ق	و	ظ
ترتیب	ط	ا	ق	س	ن	م	ی	ن	ظ	ھ	و	ر
جواب	طاق			سَن		میں			ظہور			

یعنی: طاق برسوں میں ہوگا۔ مثلاً: 2025-2027-2029-2031 علیٰ ہذا۔

واللہ اعلم باالصواب

زحل کے دور اکبر میں زحل ہی کا دور اصغر 13 دسمبر 2027 تک جاری رہے گا اور اس کے بعد سیارہ عطارد کا دور اصغر شروع ہوگا، یہ دونوں دور مثبت اثر کے حامل ہیں لہٰذا اُمید کرنا چاہیے کہ سال 2025 سے 2030 تک ایک مثبت وقت پاکستان کو میسر ہوگا جس میں ملکی استحکام، ترقی اور عوام کے مسائل پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

2025ء آسمانی کونسل پر اہم ستارے زحل مشتری کی تبدیلی اور زائچہ پاکستان میں یکم دسمبر **2024ء** تا یکم دسمبر **2043ء 19** سالہ ستارہ زحل کی مہادشاء سے وطن عزیز پاکستان میں استحکام نئے نظام حکومت اور عوامی ریلیف کا آغاز ہوا چاہتا ہے۔ گو بظاہر زمینی حالات اس کے برعکس ہیں ہم تو بحیثیت منجم

2024-2025ء زائچہ پاکستان کے تیسرے برج سرطان میں ستارہ مریخ کا غیرمعمولی قیام

وہی عرض کریں گے جو ہمیں زائچے بتاتے ہیں۔ بے شک عالم الغیب اللہ کی ذات ہے۔ 2025ء ستارہ زحل کے مثبت اثرات جمہوریت کو نچلی سطح تک فروغ دینا ناگزیر ہے اور یہ ایک مضبوط اور شفاف بلدیاتی نظام کے بغیر ممکن نہیں۔ بدقسمتی سے ہماری راہوزدہ اشرافیہ اپنے ذاتی مفادات کے پیش نظر بلدیاتی نظام سے گریزاں رہی ہے جب کہ جمہوریت کو بلدیاتی نظام کے بغیر چلانا جمہوریت کی نفی ہے، اسی طرح مزدور اور طلبہ یونینز پر پابندی بھی عوامی جمہوریت کے لیے زہر قاتل ہے۔ شاید زحل کے دور اکبر میں اس حوالے سے مثبت پیش رفت سامنے آئے۔ زحل کے دور اکبر میں زحل ہی کا دور اصغر 13 دسمبر 2027 تک جاری رہے گا اور اس کے بعد سیارہ عطارد کا دور اصغر شروع ہوگا، یہ دونوں دور مثبت اثر کے حامل ہیں لہٰذا امید کرنا چاہیے کہ سال 2025 سے 2030 تک ایک مثبت وقت پاکستان کو میسر ہوگا جس میں ملکی استحکام، ترقی اور عوام کے مسائل پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ زائچہ پاکستان میں ٹرانزٹ کرتا ہوا زحل دسویں گھر میں موجود ہے اور اس سال مارچ سے برج حوت میں یعنی زائچے کے گیارھویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ سیارہ زحل کی پوزیشن اس سال اور آئندہ سال بھی پاکستان کے لیے سپورٹنگ رہے گی۔ الحمدللہ یہ منحوس ترین مشتری کا دور اکبر 10 دسمبر 2024 کو اپنے اختتام پر پہنچا اور سیارہ زحل کے 19 سالہ دور اکبر کا آغاز ہوا۔ سیارہ زحل زائچہ پاکستان کے سعد اثر رکھنے والے سیارگان میں سے ہے۔ یہ یوگ کارک ہے یعنی زائچے کے دو سعد گھروں کا حاکم ہے، نواں گھر اور دسواں گھر، زحل خود بحالت رجعت برج ثور میں یعنی زائچے کے پہلے گھر میں اچھی پوزیشن رکھتا ہے، البتہ خرابی یہ ہے کہ بہت ہلکی سی ایک نظر نویں گھر سے راہو کی زحل پر ہے، یہ وہ خرابی ہے جس کے سبب اس زائچے کے وجود میں آنے کے بعد پاکستان کے حکمران طبقوں میں خاص طور سے وزیراعظم اور ان کی کابینہ میں کرپشن کا شہد لگ گیا ہے لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ وزرائے اعظم اور کابینہ ہمیشہ اس حوالے سے بدنام ہوتے رہے ہیں۔ زحل زائچے کے دسویں گھر کا حاکم ہونے کی وجہ سے سربراہ مملکت اور کابینہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ سیارہ زحل کا تعلق نچلے طبقے سے، مزدوروں سے ہے لیکن راہو کی نظر کے سبب وہ لوگ سیاست میں آئے جو کسی نہ کسی طرح راتوں رات دولت مند بن گئے تھے اور پھر سیاست جیسے پیشے کو بھی انہوں نے کاروبار ہی سمجھا اور یہ صورت حال جاری ہے اور شاید آئندہ بھی جاری رہے گی، اسے تبدیل کرنے کے لیے پاکستان کے جمہوری نظام کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

2025ء میں آسمانی کونسل پر ستارہ مریخ کی عجیب و غریب پُراسرار حرکات

گزشتہ سال اور اس سال نہایت اہم ٹرانزٹ سیارہ مریخ کا ہے۔ مریخ گزشتہ سال 20 اکتوبر میں اپنے ہبوط کے برج سرطان میں داخل ہوا اور 22 جنوری 2025 تک اسی برج میں رہیگا۔ بحالت رجعت یہ برج جوزا میں داخل ہوگا مگر استقامت کے بعد 3 اپریل کو دوبارہ برج سرطان میں آجائے گا اور 7 جون کو اس برج کا پیچھا چھوڑے گا۔ مریخ کی یہ پوزیشن نہایت نقصان پہنچانے والی ہے کیونکہ سیارہ مریخ فوج، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے متعلق ہے لیکن زائچہ پاکستان میں اس کا ایک کردار بیرون ملک مداخلت اور خفیہ سازشوں سے بھی ہے لہٰذا گزشتہ سال بھی ہم نے دیکھا کہ فوج اور پولیس کو اپنی ذمے داریاں ادا کرنے میں خاصی دشواریوں کا سامنا رہا اور بیرونی مداخلت بھی جاری رہی جو اس سال بھی ختم ہوتی نظر نہیں آتی۔ ہبوط زدہ مریخ سے کسی مثبت انرجی کے ظہور کی توقع عبث ہے۔ اس کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ساکھ اور اہمیت کھودیں گے جو ایک بڑا المیہ ہوگا اور پاکستان کے دشمن بھی شاید یہی چاہتے ہیں۔ امکان ہے کہ اس تمام عرصے میں سول وملٹری بیوروکریسی کو بہت محتاط رہنا ہوگا اور خصوصاً عوام میں اپنی ساکھ کو بحال کرنے پر توجہ دینا ہوگی کیونکہ بیرونی عناصر بھی اپنی کارروائیوں میں اسی وقت کامیاب ہوتے ہیں جب عوام کا ریاست سے اعتماد اٹھ جائے۔

2025ء راھو، کیتواوریورانس، نیپچون، پلوٹوکے ثمرات

اس سال ایک اور بڑی تبدیلی راہواور کیتو کے برج تبدیل کرنے سے سامنے آئے گی۔ راہو کیتو 3 مئی سے بالترتیب برج دلواور اسد میں داخل ہوجائیں گے اورزائچہ پاکستان میں دسویں اور چوتھے گھر میں حرکت کریں گے۔ ملکی اور بین الاقوامی معاملات میں سیارہ یورینس، نیپچون اور پلوٹو کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ گزشتہ سال یورینس پاکستان کے زائچے کے پہلے گھر میں داخل ہوااورنیپچون گیارھویں گھر میں جب کہ پلوٹو پہلے سے نویں گھر میں موجود ہے اور سیارہ قمرکومتاثر کررہا ہے جس کی وجہ سے ملک ایک ہائبرڈ نظام کے طابع ہے، دوسری طرف سیارہ نیپچون بھی برج حوت میں زائچے کے پیدائشی مریخ پر اثر ڈال رہا ہے جس کے نتیجے میں بیرونی سازشوں میں روز بہ روز اضافہ ہورہا ہے۔ پاکستان کو کمزور کرنے اور مزید تقسیم کرنے کے منصوبے پرورش پارہے ہیں، بہرحال ہمیں یقین ہے کہ ہماری انٹیلی جنس سروسز ایسی سازشوں سے بے خبرنہیں ہوں گی اور وہ ان حوالوں سے اہم اقدام کریں گی۔

زائچہ نیو مون:۔ قران شمس وقمر تیسرے سیاسی نجوم میں تیسرا گھر ملکی نشریاتی ادارے الیکٹرانک و پرنٹ سوشل میڈیا جنوری 2025ء میں خاصہ محترک پڑوسی ممالک عالمی میڈیا پر پاکستان اور پاکستانی عوام بھی زیر بحث رہیں۔ طالع کا حاکم زہرہ پانچویں ہمراہ عروج یافتہ زحل کے ہمراہ اندرون ملک شادیوں کی رسومات میں اضافہ کے ساتھ ساتھ بچوں کی شرح پیدائش بھی بڑھے عام عوامی رجحان سپورٹس اور انعامی اسکیموں لاٹریوں میں بڑھے ستارہ زحل کی سعد نظرات 7,5,2 اور 11 ویں گھروں پر رہنے سے ملکی معیشت ریونیو میں اضافہ کیلئے کوششیں اچانک جنسی ناآسودگی وجنسی امراض بڑھیں۔ سٹاک شیئرز بازار حصص میں اُتار چڑھاؤ اور کئی شیئرز کی قیمتوں میں اچانک اضافہ خارجہ تعلقات نظرثانی کے طالب پڑوسی ممالک کے ساتھ سرحدوں پر تنازعے جھڑپوں کے خطرات رہیں ملکی تجارت برآمدات بڑھانے اور درآمدات میں کچھ اشیاء پر زرمبادلہ بچانے کے لئے پابندی لگائی جاسکتی ہے۔ ممبران پارلیمنٹ میں ڈسپلن کی خلاف ورزیاں کابینہ میں ردوبدل پریشر سیاسی گروپ کی جانب سے مشترکہ ایوان میں نوکنفیڈنس ووٹ کی تیاری مرحلہ وار دکھائی دیتی ہے۔ حکومتی دھڑوں (PDM) میں ٹوٹ پھوٹ عدم سیاسی اعتماد آپس میں سیاسی تحفظات بڑھ جائیں جس سے حکومتی اتحاد کو دھچکا لگے گا۔ بزرگ سیاست داں اور فلم میڈیا کی شخصیات افواہوں کی گردش میں رہیں وتدالسماء حکومتی گھر میں دوسرے ساتویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ہبوط یافتہ طالع 10,5,4 ویں ہونے سے حکمران سیاسی غلطیوں کے سبب اپنے سیاسی ساکھ کو مزید کمزور اور عالمی تنقید کا نشانہ بنیں۔

زائچہ فُل مون:۔ طالع عقرب کا حاکم ستارہ مریخ طالع چھٹے کا مشترکہ حاکم ہوکر نویں ہبوط یافتہ ہونے سے مذہبی قانونی تنازعات، قانونی بحث مباحثے شپنگ وکمرشل (کاروباری) طبقہ میں بے چینی بڑھے اہم شخصیات حادثات ایکسیڈنٹ کا شکار یا پھر انکی اچانک موت آتشزدگی دہشت گردی کے واقعات اچانک رونما ہوں۔ وتدالارض پر عروج یافتہ زحل ہمراہ زہرہ خفیہ دشمنوں کی سرکوبی کیلئے دفاعی ادارے مستحکم رہیں گے انتظامی امور خفیہ انٹیلی جنس ذرائع دفاع وطن میں اہم کردار ادا کریں۔ حکمران اپنی ساکھ کو بہتر اور بحال کرنے کے لئے دیگر سیاسی پارٹیوں سے روابط بڑھائیں اور آپس کی افہام وتفہیم کے لئے محب وطن سیاست داں اپنا کردار ادا کریں۔ ملکی عزت توقیر میں اضافہ اور عام عوام کی بے چینی اضطراب کو کم کرنے کیلئے اعلیٰ سطح پر تھینک ٹینک سال نو 2025ء کی ابتداء سے ہی اپنا اہم کردار شروع کردیں۔ 2025ء ابتداء سے ہی ملکی تعمیر وترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوجائیگا۔

قمر در عقرب

یونانی				ویدک			
ابتداء		خاتمہ		ابتداء		خاتمہ	
21 جنوری	21:19	24 جنوری	09:28	23 جنوری	22:02	26 جنوری	07:55

آئمہ معصومینؑ کے نزدیک یہ ناقص اوقات کسی بھی نیک کام کیلئے مناسب نہیں ہیں۔ بحساب یونانی اور بحساب ویدک ان نحس اوقات میں صدقہ وخیرات احتیاط سے کام لیں۔



سید تنویر حیدر نقوی امروہوی (واہ کینٹ)

تنویر السال 2025

سورۃ الْهُمَزَة اسم الٰہی المتکبر کی حکمرانی کا سال

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ وَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ ''حمد ہے خدا کیلئے ہر ایک (حمد) سے پہلے اور حمد ہے خدا کی ہر ایک (حمد) کے بعد، خدا کی رحمت ہو محمدؐ و آل محمدؐ پر''

ایسی ہیں جن کے نزول نے حضور اکرمؐ کو بوڑھا کر دیا پہلی سورۃ ''الواقعہ'' اور دوسری ''الحاقۃ'' قارئین سے التجا ہے کہ ان دونوں سورتوں کے ترجمے کو سکون اور اخلاص کے ساتھ جتنی مرتبہ پڑھ سکتے ہیں پڑھنے کی توفیق مانگیں۔ یہ رزق کی فراوانی والی سورتیں گنی جاتی ہیں۔ سورۃ ''واقعہ'' آیت **82** میں ارشاد قدرت ہے کہ ''وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ (دنیا) سے اور اپنا حصہ یہی لیتے ہو کہ تم جھٹلاتے ہو'' یعنی کفران نعمت کرتے ہو۔ لغت کے امام راغبؒ لکھتے ہیں کہ **(i)** رزق کبھی تو عطاء جاری کو کہا جاتا ہے۔ خواہ دینوی ہو یا آخروی۔ **(ii)** کبھی حصہ کو۔ **(iii)** کبھی ہر وہ شے جو پیٹ میں پہنچ کر غذا بن جاتی ہے۔ قرآن کریم میں تینوں معنی کی آیات موجود ہیں۔

2025 کا مفرد عدد '**9**' ہے اس کی مختصر اہمیت یہ ہے کہ انسان کی پیدائش ''**9**'' ماہ کی ہے۔ انسان کے دل کا وزن تقریباً ''**9**'' اونس ہے۔ انسان کا عدد ''**9**'' ہے۔ لوح قرآنی بھی ''**9**'' آسماء پر محیط ہے۔ لفظ قرآن کے اعداد ''**9**'' ہیں حضور اکرمؐ کو ''**27**'' رجب کو معراج نصیب ہوئی۔ جگر گوشۂ رسولؐ زوجہ مولائے کائنات سیدۃ النساء العلمین حضرت فاطمۃ الزاہرا صلوٰۃ اللہ علیہا کا مفرد عدد ''**9**'' ہے اور امیر المومنین علی ابن ابی طالب کے ''صراط علی حق نمسکہ'' علی کا راستہ حق ہے جسے ہم نے پکڑا ہوا ہے۔

پاکستان کا عدد ''**3**'' تیسرا فطرتی برج ''جوزا'' جبکہ ستارہ عطارد ہے اور عدد ''**9**'' کا دوست ہے۔ مستحکم پاکستان کیلئے مثبت سوچوں پر لازمی غور ہوگا۔ زہرہ اور مشتری کیلئے **2025** کا سال خوشگوار انقلاب۔ زوال کے بعد عروج۔ اداراؤں کی تکمیل۔ مضبوط اور مستحکم فیصلے۔ مذہبی حکمرانی کا خبط۔ عوامی کاروباری مسائل پر خصوصی توجہ دے کر عوام کو ریلیف دینے کے لحاظ سے اہم ہے۔

2025 کیونکہ عدد ''**9**'' سے تعلق رکھتا ہے اور برج ''حمل'' والے یا جن کی پیدائش **21** مارچ سے **19** اپریل کے درمیان ہے منازل قمر میں دو طرفہ و موخر والے مثبت انداز سے فوائد حاصل کریں گے جبکہ **21** اکتوبر تا **20** نومبر (برج عقرب والے اور ''منزل قلب'' کے افراد کو امتحانات کے بعد کامیابیاں نصیب ہوں گیں۔ اس سال میں **9, 18, 27** تاریخوں کے علاوہ اپریل، ستمبر، دسمبر کے مہینے نیز دنوں میں منگل، جمعرات، جمعہ اور اتوار کے دن کی چوتھی اور نویں ساعت خصوصی کامیابیوں کا سبب بن سکتی ہیں۔ (ساعت کا چارٹ جنتری ہذا میں شامل ہے)

یہ سال ظاہراً اعداد ''**6**'' اور ''**7**'' کے لیے امتحانات کی نشاندہی کر رہا ہے جبکہ ''**1, 3, 4, 9**'' والوں کو غیبی مدد شامل حال ہوگی۔ کامیابیوں کے حصول اور نحوستوں سے نجات کیلئے منگل کو سرخ چیزوں کا صدقہ اور پتھروں میں موتی، ہیرا، زمرد، نیلم، یاقوت سرخ، عقیق سرخ میں سے ایک پتھر ''چاندی'' یا ''پیتل'' میں بنوا کر استعمال کریں۔

قرآن کریم ''سورۃ حم السجدہ'' ''سورۃ ق'' اور ''سورۃ السبا'' کا ورد نقصانات سے بچاؤ کا سبب ہو سکتا ہے۔ مندرجہ بالا احتیاطی وظائف کے ساتھ ساتھ ''**9**'' کی انگشتری یا لاکٹ جو کہ شرف مریخ وغیرہ میں تیار کی گئی ہو۔ **(ii)** نقش یا لوح فرد الفرد **9x9** سورۃ الفتاح کی پہلی آیت کا یا ''صراط علی حق نمسکہ'' یا ''اسم الٰہی المتکبر'' کا پاس رکھنا مفید رہتا ہے جو کہ ''زحل'' کی نیک ساعتوں میں تیار کیا گیا ہو۔ عامل کامل حصہ دوائم میں تفصیل و چال دیکھی جا سکتی ہے۔

نوٹ: یہ مضمون ان تمام لوگوں کی راہنمائی کرتا ہے جن کا عدد ''**9**'' کسی سال یا کسی بھی طرح بنتا ہو۔



منجم سید انتظار حسین شاہ زنجانی

عالم اسلام پاکستان اور تیسری عالمگیر جنگ

آیت اللہ خمینی کا تاریخ ساز جملہ ہدیہ کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تھا کہ آپ دُنیا میں تلاش کرو کہ امریکہ کن ممالک کے ساتھ کھڑا ہے یا پھر کونسے ممالک امریکہ کیساتھ ہیں تو آپ کو وہاں شیطان بزرگ باطل قوتیں ملیں گی۔ مقابل ممالک میں آپکو حق ملے گا۔ انکی بصیرت نے آج یہ بات ثابت کردی ہے۔

07 اکتوبر **2023**ء سے یقین میں بدل چکے ہیں۔ غیر اعلانیہ تیسری عالمگیر جنگ شروع ہو چکی ہے۔ جنگ میں حق اور باطل جاننے کے لئے مجھے جنگی حالات اس کے وہ الفاظ یاد آرہے ہیں جب انقلاب ایران کے بعد انہوں نے **امریکہ کو شیطان بزرگ** قرار دیا تھا۔ دوسری جنگ عظیم سے لیکر ابتک امریکہ نے کوریا، ویت نام، افغانستان سے فضول طویل جنگیں لڑی اور شکست کھائی مسلم ممالک لیبیاء، شام، ایران، عراق، یمن میں تباہی بربادی پاکستان امریکہ کی دوستی کے سبب ایک لاکھ جانوں کا نذرانہ پیش کرچکا ہے۔ معیشت کی کمزوری **IMF** کا جال ہمارے ایٹمی اثاثوں کورول بیک کے اشارے ملتے ہیں۔

کیا تیسری عالمی جنگ کے سائے منڈلا رہے ہیں۔؟ جنتری ہذا کی اشاعت تک نقشہ جنگ کیا سے کیا ہو چکا ہوگا۔

جوہری جنگ میں کسی کی بھی جیت ممکن نہیں لیکن اس کے باوجود جدید ہتھیاروں کے حصول کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔ دُنیا کی 9 ایٹمی طاقتوں کے پاس

زنجانی جنتری 2024ء سے اقتباس

2024 عالمی سرپرائزنگ سال اور پاکستان سیاسی چہروں **2024,2025** تبدیلی

غزہ سے غزوہ ہند فلسطین کشمیر جنگ آزادی کل ارض کربلا کل یوم عاشورہ

امریکہ کی سپرپیسی کو خطرات سے **2025**ء تک **NATO** ممالک میں بے چینی

2024 امن کیلئے متحرک سال **UNO,OIC** یورپ اسٹریا ایجنسی انٹرنیشنل عالمی عدالت انصاف

پاکستان کی ترقی خوشحالی کا نیا دور **19** سالہ استحکام پاکستان کی ابتداء سبز انقلاب


ناسٹرا ڈیمس **450** سال قبل پیشگوئی سات اکتوبر فلسطین جنگ سے تیسری عالمگیر جنگ غیر اعلانیہ **WW.3**

زنجانی جنتری 2023 کے اندیشے پیشگوئی WORLD 2023 تقسیم در تقسیم **W.W.3** کا آغاز




مجموعی طور سے **13** ہزار کے قریب لگ بھگ ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ مشرق وسطیٰ افریقہ اور ایشیائی مما لک پر امریکی قبضے کا خواب کوئی نیا نہیں ہے۔ نیو ورلڈ آرڈر کا مطلب دُنیا پر غاصبانہ قبضہ ہی تھا۔ ابتک گریٹر اسرائیل (نیل تا فرات) کے ناپاک منصوبوں کی تکمیل کیلئے ممکنہ کئی اقدامات کئے گئے۔ دُنیا میں قیام امن کے نام پر دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگ جاری رکھنے والے مما لک کے قول وفعل میں بڑا تضاد ہے اسرائیل بھارت کے خوفناک ارادوں کو بھانپ کر ایران، پاکستان اور شمالی کوریا سمیت دیگر کئی مما لک بھی اپنے میزائلوں کو جوہری وار ہیڈز سے لیس کر چکے ہیں۔ جنگ تباہی موت کی علامت ہے دُنیا میں قتل وغارت گری کا بازار ہے اسے ختم ہونا چاہئے۔ موجودہ صدی میں دُنیا تقسیم ہو چکی ہے۔ **امریکہ (NATO) V/S روس چین** اور ان کے اتحادی سیاسی نجوم میں منجمین ستاروں کے اجتماعات کو گہری نظر سے دیکھتے ہیں ایسا ہی ستاروں کا عظیم اجتماع **29** مارچ **2025**ء کو آخری بارھویں برج حوت میں ہو رہا ہے جو تکمیل کائنات کا مظہر ہے۔

زائچہ میں اس روز برج حوت میں **شمس، قمر عطارد، زہرہ، راھو، زحل اور نیپچون** جبکہ برج ثور میں **مشتری، یورانس** اور برج جدی میں **پلوٹو** باہم سبھی کواکب بہ نظر **تسدیس** ایک دوسرے کو ناظر جبکہ برج حوت سے سبھی کواکب تیسرے برج جوزا میں ستارہ مریخ سے **تربیع** میں ہونگے چھٹے برج سنبلہ میں کیتو سبھی سات ستاروں کے **مقابل** ہوگا ہر زائچے کے **12,8,6** گھر نحوست دینے والے ناقص مانے جاتے ہیں۔ ستارہ زحل بارھویں نحس گھر میں کبھی سعد نہیں ہوتا اب تو یہ ستارہ اجتماع کواکب میں گھرا ہوا ہے۔



فطرتی زائچہ بتاریخ **29** مارچ **2025**ء

شمس بارھویں گھر میں عالمی بے چینی فساد جھگڑا۔ قمر بارھویں گھر میں مخفی قوتوں کی امداد، عطارد بارھویں افواہیں پھیلا کر جھگڑے کرواتا ہے، زہرہ بارھویں خفیہ جاسوس اداروں میں خواتین کی شمولیت فساد برپا کراتا ہے، نیپچون نت نئے عالمی سیاسی اسکینڈل اُبھارے اسی بارھویں نحس گھر میں راہو مقابل کیتو **29 مارچ 2025ء کو ھی سال کا پہلا سورج گرھن لگے گا۔ عسکری ستارہ مریخ کی سبھی ستاروں** سے تربیع ناقص نظر دُنیا میں بڑے پیمانے پر تباہی بربادی لانے کا موجب بنے۔ پاکستانی عوام اس جنگ میں مظلوم فلسطینیوں، ایران، شام، لبنان کے ساتھ ساتھ کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ حکومت پاکستان کو بھی عوامی رائے کا احترام کرتے ہوئے حق کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ آج نہیں تو کل ہمیں امریکی جنگی لابی سے نکلنا ہی ہوگا۔



فطرتی زائچہ بتاریخ **11** فروری **2021**ء

ماضی قریب **11** فروری **2021**ء بھی آسمانی کونسل پر شدید نحوست سات ستاروں کا اجتماع برج جدی سے عروج یافتہ ستارہ مریخ کی ان سے تربیع

زنجانی جنتری 2021ء سے اقتباس

2021ء منحوس عالمی سال کال سرپ یوگ برج جدی 5 فروری 1962ء / 11 فروری 2021ء ستاروں کا عظیم اجتماع

2021ء تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات قبلہ اوّل خطرات میں، عرب و عجم کیلئے لمحہ فکریہ پاکستان میں تبدیلی نظام سیاسی بساط لپٹنے ایمرجنسی مارشل لاء کے خطرات

2021ء عالمی جنگوں کا خانہ بدوش مستحکم امریکہ زوال یورپی یونین کا جھکاؤ امریکہ کی بجائے چین روس

گریٹر اسرائیل کی تکمیل بین الاقوامی حساس محاذوں پر جنگ وجدل ارضی سماوی وبائی آفات کورونا کا دوبارہ عالمی پھیلاؤ

امریکہ چین میں جنگ وجدل اجتماعی ممالک روس، بھارت، پاکستان، افغانستان، ایران، ترکی متاثر کوریا جاپان کا منفرد عسکری انداز

نہ صرف کال سروپ یوگ لگنے کے سبب ہم نے 2021ء کو منحوس عالمی سال قرار دیتے ہوئے 2021ء تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات قبلہ اوّل خطرات میں عرب وعجم کے لئے لمحہ فکریہ 2021ء میں محدود جنگ ہوئی۔ اس جنگ کے شعلے ہم 07 اکتوبر 2023ء سے آج اکتوبر 2024ء میں دیکھ رہے ہیں۔ جنگ کا دائرہ کار بڑھتا جارہا ہے۔ سیاسی نجوم آسمانی کونسل سال نو کا آغاز 11 فروری 2021ء پلوٹو، زحل، مشتری، زہرہ، عطارد، شمس وقمر سات ستاروں کے برج جدی میں اجتماع کال سرپ یوگ سے ہوا تھا۔ جس کی نحوست آج ہم 2024/ 2025ء میں بھی محسوس کررہے ہیں۔ سست الرفتار اب مکمل اثر کچھ سالوں میں دیتے ہیں۔ یوں یورانس نیپچون بھی اسی یوگ کی لپیٹ میں آنے سے 2021ء منحوس عالمی سال بنکر طلوع ہورہا ہے۔ 1947ء میں بھی کال سرپ یوگ تقسیم ہند کے وقت بھی لگا ہوا تھا۔ قتل و غارت گری لاکھوں جانوں کی قربانی سے قیام پاکستان وجود میں آیا۔ گزشتہ 26 دسمبر 2019ء سات ستاروں کا اجتماع برج قوس میں نہ صرف ہوا بلکہ مکمل سورج گرہن بھی اسی دن ہوا۔ 26 ستمبر 2019ء AQ.tv پر قیامت صغریٰ عالمی سطح اور خصوصاً پاک بھارت اور کشمیر پر ہم نے جن خدشات کا اظہار کیا تھا تیسری عالمگیر جنگ یکم جنوری 2020ء جنرل قاسم سلیمان کی شہادت پر امریکہ/ایران کی جنگ ہوتے ہوتے رہ گئی۔ ایرانی صدر سید ابراہیم رئیس (ایران) حماس کے لیڈر اسمٰعیل ہنیہ (ایران) اور پھر حزب اللہ کے لیڈر نصراللہ حسن (لبنان) کی یکے بعد دیگرے اسرائیل، امریکی اداروں کی خفیہ کاروائیوں سے شہادتیں۔ اسرائیل نے اپنے قیام کے بعد فلسطینیوں اور پڑوسی اسلامی ممالک کو یکے بعد دیگرے تباہ و برباد کرنے کا جو سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے وہ مسلسل جاری ہے۔ سپر پاور امریکہ اور اس کا طفیلی ملک بھارت اسلام دشمنی میں پیش پیش ہیں۔ جدید نیو ورلڈ آڈر کے تحت پوری دُنیا پر حکومت کرنے کا خواب صہونی (زیونسٹ) قیام اسرائیل کے بعد سے مسلسل دیکھتے چلے آرہے ہیں۔ انکا جاری کردہ نیا گریٹر اسرائیل کا نقشہ عالمی معیشت الیکٹرانک میڈیا اور اب ہیلتھ کے شعبہ کورونا وائرس اور ان جیسے مزید نامعلوم ان دیکھے کیمیکل سے پوری دُنیا پر حکومت یا پھر اسے برباد کرنے کا بدارادہ بھی باشعور عالمی لیڈر اور دانشور علماء جانتے ہیں۔ تیسری خاموش عالمگیر جنگ 2020ء میں پوری دُنیا میں لڑی جاچکی ہے۔

2021ء تا **2025ء** اسی عالمگیر جنگ کے تسلسل کے سال دکھائی دیتے ہیں۔ اس سے قبل کہ ہم آسمانی کونسل پر بننے والے ستاروں پر روشنی ڈالیں۔ قانون قدرت جان لیں کہ **ہر فرعون کے ساتھ موسیٰ علیہ السلام پیدا ہوتا ہے۔ آج کے موسیٰ علیہ السلام وقت کے امام امام زمانہ حجت القائم حضرت مہدی علیہ السلام ہیں۔** عدل الٰہی کا

تقاضہ ہے کہ جہاں خاتم الانبیاء سے نبوت کا اختتام ہوا۔ اس کے فوراً بعد سلسلہ امامت جاری ہوا مسلم خصوصاً اثناء عشری عقیدہ کے تحت گیارہ امام تشریف لا چکے ہیں۔ اور آخری امام زمانہؑ کے دم قدم سے ہی دُنیا قائم ہے۔ بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ کہاں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی فوج ظفر موج اور کہاں آج اللہ کا کوئی ایک نمائندہ بھی دُنیا میں نہ ہو؟ یقیناً عدل کے مطابق دُنیا نمائندہ خدا سے خالی ہو ہی نہیں سکتی۔ شاہ ایران کے دور میں ماضی قریب میں ایران امریکہ کا پولیس مین مضبوط حواری تھا انقلاب ایران سے امریکہ کا ایران سے سیاسی رشتہ ٹوٹ گیا۔ امریکہ نے ایران کو دشمن ملک قرار دے دیا اور جتنا اسلحہ ایران کو مضبوط کرنے کے لئے دیا تھا۔ وہی اسلحہ اور پھر عراق کے صدام حسین سے ایران پر آٹھ سال تک جنگ مسلط کروا کر اور معاشی پابندیاں لگا کر ایران کو کمزور ملک بنانے میں امریکہ نے کوئی کسر نہیں چھوڑی انقلاب ایران کے بعد ایران کے آئین میں لکھ دیا گیا کہ یہ حکومت نمائندہ خدا امام زمانہؑ کی ہے۔ حضرت محمد مہدیؑ جب تشریف لائیں گے مملکت ایران آپ کے سپرد کر دی جائیگی ایران کا نیا جھنڈا ہر لمحہ پوری دُنیا میں گونجنے والی اذان نغمہ خدا اللہ اکبر کی سچی حاکمیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ 2025ء مفرد نمبر 9 جو عسکری ستارہ مریخ کا نمبر 2025ء غیر اعلانیہ تیسری جنگ کے لئے فیصلہ کن سال دکھائی دیتا ہے۔ اقوام متحدہ (UNO) اقوام عالم پر امریکی غاصبانہ قبضے کا خواب پورا نہ ہو سکے گا۔ عالمی غیر متوقع واقعات ستارہ یورانس اور جنگ وجدل کے ستارے پلوٹو مریخ کی خراب نظرات جب یورانس فطرتی زائچہ میں برج ثور یکم جون 2024ء تا 08 جنوری 2032ء تک رہتے ہوئے عالمی معاشی تجارت، ممالک کے آپس میں معاہدوں کو متاثر کرے۔ 2025ء میں عالمی سٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ رہیگا۔ 2025ء میں ہی پلوٹو مریخ مقابلہ یکم جنوری تا 06 جنوری اور پھر 24 اپریل تا 29 اپریل اور تربیع پلوٹو مریخ 23 تا 26 ستمبر بنیں گی۔ 07 اکتوبر 2023ء سے شروع غزہ اسرائیل لڑائی جس نے **لبنان، شام، یمن اور ایران** بلاواسطہ بھی اسلامی ممالک اقوام عالم کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ گرہنوں کے مہینے مارچ، ستمبر 2025ء میں جنگ میں شدت اگست ستمبر بھی منحوس دکھائی دیتے ہیں۔ جنگی حالات روز بروز جس تیزی سے بدل رہے ہیں۔ 2025ء عسکری سال کی ابتداء فیصلہ کن ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ عالمی جنگوں کا محرک امریکہ USA ہے۔ ابتک یہ 51 (رجیم چینج کے ذریعے) ممالک کی حکومتوں کو تبدیل کر چکا ہے۔ جس میں پاکستان بھی شامل ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد ابتک مسلسل عالمی جنگوں میں ملوث ابتک 30 ممالک سے زیادہ ملکوں سے بلواسطہ یا بلاواسطہ جنگیں لڑ چکا ہے۔ اور یہ جنگیں جاری ہیں۔ **عالمی سپرپاور امریکہ کی روس سے کھلی جنگ ہے۔ جبکہ چین کا کردار امن پسند اور تجارتی کاروباری ہے۔**

2025ء میں فیصلہ کن جنگ جیسے (ww.3) بھی کہہ سکتے ہیں۔ پس پردہ یہ عالمی جنگ امریکہ v/s روس ہے۔ اس نے پوری دُنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ امریکہ اسرائیل اور روس ایران کا ساتھ دینے کا اعلان کر چکے ہیں۔ دُنیا حیران و پریشان ہے مسلم اُمہ بتدریج بیدار ہو رہی ہے۔ عالمی فساد کی جڑ امریکہ ہے۔ امریکہ اپنے عوام کے کھربوں ڈالرز ہر سال جنگ میں جھونک دیتا ہے۔ اس بجٹ کا ایک فیصد بھی امن کیلئے استعمال کرے تو دُنیا میں امن بہ آسانی قائم ہو سکتا ہے۔ حالیہ غزہ فلسطین، اسرائیل جنگ میں ایران ہی وہ واحد ملک ہے جو فلسطینیوں کے ساتھ کھل کر کھڑا ہے۔ ایران کی پراکسی وار میں اس کے ساتھ یمن، عراق، لبنان، شام بھی کھل کر سامنے ہیں۔ فلسطین میں ایک سال سے جاری جنگ اسرائیلی دہشت گردی لاکھوں زندگیاں تباہ کر چکی ہے۔

عالم اسلام (مسلم اُمہ) بیت المقدس مظلوم فلسطینیوں کے حق میں اکٹھی ہو جائے تو شائد امریکہ، اسرائیل کی سوچ بدل دے۔ پہلی ہو یا دوسری جنگ عظیم یا پھر اب جاری تیسری جنگ ww.3 سب کا اختتام تباہی بربادی اور پھر امن قائم کرانے جیسے ادارے اقوام متحدہ UNO اپنا کردار ادا کرنے آ جاتے ہیں۔ پہلے خواب خرگوش دکھائی دیتے ہیں۔ آسمانی کونسل پر جنگی ستارہ مریخ جو 26 یا 30 دن سے زیادہ ایک برج میں قیام نہیں کرتا صدیوں بعد آسمانی کونسل پر اس کی عجیب وغریب پراسرار حرکات منجمین اور شائقین علم نجوم کے لئے قابل توجہ ہیں۔ 20 اکتوبر 2024ء تا 21 جنوری 2025 اور پھر 03 اپریل تا 07 جون 2025ء یہ اپنے ہبوطی برج سرطان میں ہوگا۔ فطرتی زائچہ کا چوتھا برج ارض دُنیا ہے۔ جنگ وجدل کی تباہی بربادی کے بعد عدل الٰہی بھی حرکت میں آئے گی۔ ظہور امام زمانہؑ کی آمد سے دُنیا کے تمام ایٹمی اسلحہ جات بیک اشارہ امام زمانہؑ سرد پڑ جائیں گے اور کسی ایک بندوق سے گولی تک نہیں چلے گی۔ دُنیا امن سے بھر جائے گی ہم دُعا کرتے ہیں کہ امام کا ظہور جلد ہو۔ تمام مسلم اُمہ کو معارفت امام زمانہؑ ضرور حاصل کرنی چاہیئے۔

از تحریر: علامہ گلفام علی حسینی، لاہور

آئمہ معصومین علیہم السلام کے پاکیزہ علم الجفر کی روشنی میں

جفری پیشگوئیاں

یا علیم :۔امام مہدی علیہ السلام کا ظہور کس سال عیسوی ہوگا؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطراساس	ا	م	ھ	د	ی	ظ	و	ک	س	ل	ع	ر
موخرصدر	ر	ا	ع	م	ل	ھ	س	د	ک	ی	و	ظ
مستحصلہ	ط	ا	ن	م	ی	ن	س	ھ	ر	ق	و	ظ
ترتیب	ط	ا	ق	س	ن	م	ی	ن	ظ	ھ	و	ر
جواب	طاق			سَن		میں			ظہور			

یعنی: طاق برسوں میں ہوگا۔ مثلاً: 2025-2027-2029-2031 علیٰ ہذا۔ واللہ اعلم باالصواب

یا علیم :۔امام مہدی علیہ السلام کا ظہور کس گھڑی ہوگا؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
سطراساس	ا	م	ھ	د	ی	ل	س	و	ر	ظ	ک
موخرصدر	ک	ا	ظ	م	ر	ھ	و	د	س	ی	ل
مستحصلہ	ا	ا	ن	ک	ج	ھ	و	ق	ر	ی	ب
ترتیب	ا	ج	ا	ن	ک	ھ	و	ق	ر	ی	ب
جواب	اچانک					ہو		قریب			

واللہ اعلم باالصواب

یا علیم :۔2025 عمران خان کے لیے کیسا ہے؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطراساس	ع	د	و	ر	ن	ا	خ	ز	ل	ک	ج	س
موخرصدر	س	ع	س	د	ک	و	ل	ر	ز	ن	خ	ا
مستحصلہ	س	ش	ھ	ح	ھ	ھ	ل	م	ز	س	خ	ا
ترتیب	س	ا	ز	ش	ھ	س	خ	ت	ح	م	ل	ھ
جواب	سازش				ہو	سخت			حملہ			

واللہ اعلم باالصواب

یاعلیم:- 2025 عیسوی دنیا کے لیے کیسا ہوگا؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
سطراساس	ز	ج	ع	ی	و	د	ن	ک	ل	س	ا	ہ	ب	ق
موخرصدر	ق	ز	ب	ج	ہ	ع	ا	ی	س	و	ل	د	ک	ن
مستحصلہ	ن	ل	ک	ج	م	ع	ا	ی	د	و	خ	ہ	ش	ہ
ترتیب	ج	ن	گ	ع	ا	ل	م	ی	ہ	و	خ	د	ش	ہ
جواب	جنگ			عالمی					ہو		خدشہ			

واللہ اعلم باالصواب

یاعلیم:- کیا 2025 تک پاکستان میں پانی ختم ہوجائے گا؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطراساس	ک	ی	ا	س	ت	ن	ب	م	خ	ہ	و	ج
موخرصدر	ج	ک	و	ی	ہ	ا	خ	س	م	ت	ب	ن
مستحصلہ	ا	ک	ب	ی	م	ا	ی	س	ل	ہ	ت	ہ
ترتیب	ک	م	ی	ا	ب	ی	ہ	س	ا	ل	ن	ہ
جواب	کمی (ہے) مگر			آب		یہ		سال			نہ	

واللہ اعلم باالصواب

یاعلیم:- 2025 میں کامیابی کا وظیفہ کیا ہے؟

نمبرشمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطراساس	ک	ا	د	و	ہ	ز	ب	ج	ی	ظ	س	ف	م
موخرصدر	م	ک	ف	ا	س	د	ظ	و	ی	ہ	ج	ز	ب
مستحصلہ	ر	م	ح	ا	ن	ش	ظ	و	ع	ی	م	ر	ا
ترتیب	ر	ح	م	ا	ن	ع	ظ	ی	م	و	ا	ر	ث
جواب	رحمٰن					عظیم				وارث			

یعنی ہر روز نماز فجر کے بعد (225) مرتبہ یارحمٰن یاعظیم یاوارث پڑھیں۔ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک کی تلاوت کریں۔ ہر میدان میں کامیابی ہوگی۔

واللہ اعلم باالصواب



نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جنوری 2025ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت اچند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2025ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجالا ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت بہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے داہیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّانْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ يَا قُطْبُ يَا غَوْثُ اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

تسدیس شمس زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 04 جنوری 02 بجکر 45 منٹ مکمل نظر 05 جنوری 03 بجکر 35 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 06 جنوری 05 بجکر 10 منٹ پر ہوگا۔ برائے طلب حاجات ترقی روزگار اور بلندی مراتب کیلئے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو باپرہیز بنا کر پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۵۳۹۱۳	۱۴۳۷۶۹	۱۷۹۷۱
۱۲۵۷۹۸	مقصد یہاں لکھیں	۸۹۸۵۵
۳۵۹۴۲	۷۱۸۸۴	۱۰۷۸۲۷

تربیغ زہرہ مشتری:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 14 جنوری 02 بجکر 07 منٹ مکمل نظر 15 جنوری 00 بجکر 47 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 15 جنوری 23 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ عداوت و جدائی کیلئے اشد ضروری ہو تو سورۃ الکوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

مقابلہ شمس مریخ:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 15 جنوری 14 بجکر 42 منٹ مکمل نظر 16 جنوری 07 بجکر 38 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 17 جنوری 00 بجکر 34 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین و مخالفین کو منتشر کرنے کیلئے سورۃ الفیل کے خالی البطن نقش کو کسی ویران درخت سے لٹکائیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۶۴	۳۹۰۷	۴۸۸
۳۴۱۹	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۴۰
۹۷۶	۱۹۵۲	۲۹۳۱

قران زہرہ زحل:۔ جدید علم نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 18 جنوری 02 بجکر 26 منٹ مکمل نظر 19 جنوری 06 بجکر 26 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 20 جنوری 10 بجکر 49 منٹ پر ہوگا۔ افسران کی نظروں میں عزت و حصول مرتبہ کیلئے سورۃ الشمس کے خالی البطن نقش کو باپرہیز بنا کر پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۴۸۷۲	۱۳۰۰۳	۱۶۲۴
۱۱۳۷۹	یہاں مقصد لکھیں	۸۱۲۰
۳۲۴۸	۶۴۹۶	۹۷۵۵

تسدیس عطارد زہرہ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 18 جنوری 04 بجکر 06 منٹ مکمل نظر 19 جنوری 21 بجکر 31 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 جنوری 12 بجکر 46 منٹ پر ہوگا۔ برائے تسخیر خلائق اور حصول عزت کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو باپرہیز لکھ کر پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تسدیس عطارد زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 18 جنوری 19 بجکر 53 منٹ مکمل نظر 19 جنوری 12 بجکر 37 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 20 جنوری 05 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش نادعلیؑ باپرہیز بنا کر پاس رکھنا نیک رہے۔



مقابلہ عطارد مریخ:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 23 جنوری 13 بجکر 29 منٹ مکمل نظر 24 جنوری 01 بجکر 48 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 24 جنوری 14 بجکر 07 منٹ پر ہوگا۔ اہل قلم یا حاسدین کے کاروبار کو خراب کرنے کیلئے سورۃ الھب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۳۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تثلیث زہرہ مریخ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 25 جنوری 09 بجکر 29 منٹ مکمل نظر 26 جنوری 04 بجکر 53 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 27 جنوری 00 بجکر 32 منٹ پر ہوگا۔ برائے تسخیر خلائق اور خود اعتمادی کے بڑھاوے کیلئے سورۃ القدر کے خالی البطن نقش کو باپرہیز لکھ کر پاس رکھنا نیک رہے۔

۷۸۶		
۲۲۷۴	۶۰۶۵	۷۵۸
۵۳۰۷	یہاں مقصد لکھیں	۳۷۹۰
۱۵۱۶	۳۰۳۲	۴۵۴۹



2025ء کے مفرد عدد ''9'' کے حوالہ سے

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خاں

قارئین آئینہ قسمت کو نیا سال مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ بحقِ معصومینؑ کے ہر مسلمان کو اس سال کی برکتیں نصیب فرمائے۔ آمین

نیا سال کا مفرد عدد ''9'' ہے جو نہایت اسرار کا حامل ہے ماہرین عملیات اس بات سے خوب واقف ہیں یہاں قارئین کے ذوق کیلئے عدد ''9'' کے حوالہ سے چند ایک مفید معلومات دی جارہی ہیں۔

(1) جناب اُم ہانی بنتِ ابو طالبؑ فرماتی ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا:

1:- دینِ اسلام کو میرے ہاتھ پر ظاہر فرمایا۔

2:- قرآن پاک کو مجھ پر اُتارا۔

3:- کعبہ کو میںؐ نے فتح کیا۔

4:- مجھ کو تمام مخلوقات سے افضل بنایا۔

5:- مجھ کو دُنیا میں بنی آدم کا سردار بنایا۔

6:- آخرت میں قیامت کی زینت بنایا۔

7:- جب تک میں نہ جاؤں تمام انبیاءؑ پر جنت حرام رہے گی۔

8:- جب تک میری اُمت نہ جائے تمام اُمتوں پر جنت حرام رہے گی۔

9:- اللہ تعالیٰ نے خلافت کو روز قیامت تک میرے اہل بیتؑ میں قرار دیا جو اس کا منکر ہے وہ اللہ کا منکر ہے۔

(2) حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

حضرت فاطمہؑ کے 9 نام ہیں۔ (1) فاطمہؑ (2) صدیقہؑ (3) مُبارکہؑ (4) طاہرہؑ (5) زکیہؑ (6) راضیہؑ (7) مرضیہؑ (8) محدثہؑ (9) زہراؑ

(3) جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں امیر المومنین علی ابن ابی طالب سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے علیؑ تمہارے شیعوں اور محبوں کو خداوند عالم نے ''9'' خصلتیں عطا کی ہیں۔

1:- موت کے وقت آسانی ونرمی۔

2:- وحشتِ قبر میں اُنس۔

3:- تاریکی قبر میں نُور۔

4:- خوفِ محشر میں اَمن۔

5:- عدالتِ وزن بوقتِ اعمال۔

6:- صراط سے آسانی سے گذرنا۔

7:- بہشت میں سب سے پہلے داخل ہونا۔

8:- اُن کے نُور کا سامنے ہونا۔

9:- اُن کے نُور کا داہنی طرف ہونا۔

(4) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''9'' چیزیں ایسی ہیں کہ اِن میں ہر ایک کیلئے ایک ایک آفت ہے۔

1:- بولنے کی آفت......... دروغ بیانی ہے۔

2:- علم کی آفت......... نسیان ہے۔

3:- حلم وبردباری کی آفت......... حماقت ہے۔

4:- عبادت کی آفت......... سستی ہے۔

5:- ظرافت وخوش مزاجی کی آفت......... فضول گوئی۔

6:- شجاعت وبہادری کی آفت......... ظلم ہے۔

7:- سخاوت کی آفت......... احسان جتانا ہے۔

8:- حُسن وخوبصورتی کی آفت......... تکبر ہے۔

9:- حسب ونسب کی آفت......... فخر ہے۔

(5) عامر شعبی کہتے ہیں کہ امیر المومنین علیؑ نے ''9'' کلمات ایسے ارشاد فرمائے ہیں جنکا مثل ونظیر نہیں، تین کلمات مناجات ہیں۔ (1) الٰہی میرے فخر کیلئے یہی کافی

ہے کہ تو میرا ربّ ہے (2) میری عزت کیلئے یہی کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں (3) تو ویسا ہے جیسا میں چاہتا تھا مجھے بھی ویسا بنادے جیسا تو چاہتا ہے۔

تین کلمات حکمت میں فرماتے ہیں: (1) ہر شخص کی قیمت وہی ہے جو کام اُس کو نیک نام بنادے (2) جس نے اپنی قدر و منزلت کو پہچان لیا وہ ہلاکت سے محفوظ رہا (3) آدمی اپنی گفتگو سے پہچانا جاتا ہے۔

تین کلمات اَدب میں فرمائے ہیں: (1) جس پر احسان کرو گے اس کے امیر و سردار ہو جاؤ گے (2) جس کے سامنے اپنی حاجت بیان کرو گے اس کے اسیر ہو جاؤ گے (3) جس سے بے غرضی کرو گے اُس کے برابر و ہمسر رہو گے۔

(6) امام موسیٰ ؑ کاظم فرماتے ہیں: "9" چیزوں سے نسیان کا مرض بڑھتا ہے۔

(1) کھٹا سیب کھانا (2) دھنیا کھانا (3) پنیر کھانا (4) چوہے کا جھوٹا کھانا (5) جہاں پانی جمع ہو اُس میں پیشاب کرنا (6) قبر پر لکھی ہوئی عبارت پڑھنا (7) دو عورتوں کے درمیان سے گذرنا (8) جُوں پھینک دینا (9) گدی سے خون نکلوانا۔

(7) عدد "9" کے اعمالِ صالحہ

1:۔ ہر نمازِ فریضہ کے بعد "9" بار سورۃ الکوثر پڑھنے سے انسان کے رزق کے دروازے کُھل جاتے ہیں۔

2:۔ ہر نمازِ فریضہ کے بعد "9" بار سورۃ القریش پڑھنے سے انسان محتاجی سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

3:۔ ہر نمازِ فریضہ کے بعد "9" بار اللہ پاک کا صفاتی اِسم "الکریم" پڑھنے سے انسان دوسروں کیلئے مالی سہارا بن جاتا ہے۔

4:۔ ہر نمازِ فریضہ کے بعد "9" بار نادِعلیؑ پڑھنے سے انسان کے اندر قوت و شجاعت بڑھتی ہے اور اُس کی قوت ارادی میں غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے۔

5:۔ گھر میں نا اتفاقی ختم کرنے کیلئے ہر جمعہ کو "9" بار سورۃ جمعہ تلاوت کر کے پانی پر دم کر کے وہی پانی پینے والے کولر میں مِلا ئیں ایک ماہ کے اندر رزلٹ خود دیکھ لیں گے۔

6:۔ ادارہ آئینہ قسمت سے عدد "9" کی بنی چاندی کی انگشتری حاصل کر کے تمام مسائل سے نجات پائیں۔



شرف قمر کی ابتداء 08 جنوری 2025ء، 06 بجکر 33 منٹ جبکہ انتہاء 08 جنوری 08 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔
بحساب ویدک شرف قمر کی ابتداء 09 جنوری 23 بجکر 38 منٹ جبکہ انتہاء 10 جنوری 01 بجکر 20 منٹ پر ہوگا۔

قرآن مجید محمد عربیؐ کا معجزہ ہے اور تمام دینی و دُنیاوی علوم کا مرکز اس سے حدیث مبارکہ اسی سے فقہ اسی سے طب اسی سے قانون مملکت اور قانون انسانی وضع کئے گئے ہیں قرآن پاک کی آیات کو اہل معرفت نے انہیں اعداد میں سمو کر اہل ارض کے لئے پیش کیا اور نتیجہ اہل خیر اور اہل تقویٰ پر چھوڑ دیا ہے اور جس قدر یقین کامل ہوگا اس بار ایک طاقتور عمل آپ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو کے آپ قارئین کو پسند ضرور آئیگا۔ پہلے عمل چشم خلائق میں معزز ہونا، معاشرے میں عزت کو بڑھانے کے لئے دُنیا محبت کی نگاہ سے دیکھے گی۔ سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 111 وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ کے اعداد قمری نمبر 842 ہیں اس آیت کے دو الواح شرف قمر میں بنا کر ایک الواح کو پیپل کے درخت میں باندھیں ایک تعویز کو سبز ریشمی کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی خلائق میں معظم و مکرم بنا کر بلند مرتبہ عطا کرے گا اور ہر جگہ اس کی تعظیم و تکریم ہوگی جس کے سامنے بھی جائے گا وہ عزت احترام سے پیش آئے گا تمام مخلوق میں عزت و توقیر کی نعمت عظمٰی سے مستفید ہو کر اللہ کا شکر ادا کریں۔ اب لوح کی طرف آئے ہیں: شرف قمر میں اسے ایک وقت میں تیار کریں۔

چال بادی

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

۷۸۶

یاقیوم — یاجبرائیل — یاحی

۲۷۷	۲۸۳	۲۸۲
۲۸۵	۲۸۱	۲۷۶
۲۸۰	۲۷۸	۲۸۴

یامیکائیل — یاعزرائیل

یاقیوم — یااسرافیل — یاحی

از تحریر: سجاد حسین جعفری، سرگودھا

قرآن میں مذکور بچیوں کے نام

بچیوں کیلئے قرآنی ناموں کا انتخاب

"ا" سے شروع ہونے والے نام

اِمِنَہ م کے نیچے زیر کے ساتھ یہ نام قرآن میں حرف 1 بار آیا ہے۔ سورۃ نمل آیت 112

امَنَہ م کے اوپر زبر کے ساتھ یہ نام قرآن میں 2 بار آیا ہے۔ سورۃ آل عمران آیت 154 سورۃ انفال آیت 11

أسریٰ یہ نام قرآن میں 3 بار آیا ہے سورۃ انفال آیت 70,67 سورۃ اسراء آیت 1

أسماء یہ نام قرآن میں 9 بار آیا ہے۔ سورۃ بقرہ آیت 31 میں 2 بار سورۃ الاعراف میں 2 بار آیات 71 اور 180 سورۃ یوسف آیت 40 سورۃ اسراء آیت 110 سورۃ طٰہٰ آیت 8 سورۃ نجم آیت 23 سورۃ حشر آیت 24

إرم یہ نام قرآن میں صرف 1 بار آیا ہے۔ سورۃ الفجر آیت 7

أسوہ یہ نام قرآن میں 3 بار آیا ہے سورۃ الاحزاب آیت 21 سورۃ ممتحنہ میں 2 بار آیات 6 اور 4 قرآن میں تینوں بار اسوہ حسنہ آیا ہے۔

اَقصا یہ نام قرآن میں 3 بار آیا ہے۔ سورۃ اسراء آیت 1 سورۃ قصص آیت 20 سورۃ یٰسین آیت 20

اُمّہ یہ نام قرآن میں 9 بار آیا ہے سورۃ آل عمران آیت 7 سورۃ الانعام آیت 92 سورۃ الاعراف آیت 150 سورۃ رعد آیت 39 سورۃ طٰہٰ آیت 94 سورۃ قصص میں 2 بار آیات 7 اور 10 سورۃ شوریٰ آیت 7 سورۃ زخرف آیت 7

أمامہ یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے سورۃ قیامہ آیت 5

اعناب یہ نام قرآن میں 8 بار آیا ہے۔ سورۃ البقرہ آیت 266 سورۃ الانعام آیت 99 سورۃ رعد آیت 4 سورۃ نمل آیت 11 اور 67 سورۃ کہف آیت 32 سورۃ مومنون آیت 19 سورۃ یٰسین آیت 34

اناَب یہ نام قرآن میں 4 بار آیا ہے۔ سورۃ رعد آیت 27 سورۃ لقمان آیت 15 سورۃ ص میں 2 بار آیات 24، 34

ایمان الف کے نیچے زیر کے ساتھ یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے سورۃ طور آیت 21

الایمان الف کے اوپر زبر کے ساتھ یہ نام قرآن میں 5 بار آیا ہے سوۃ مائدہ میں 2 بار آیات 89 اور 108 سورۃ توبہ آیت 12 سورۃ نحل آیت 91 سورۃ قلم آیت 39

ایمن یہ نام قرآن میں 3 بار آیا ہے۔ سورۃ مریم آیت 52 سورۃ طٰہٰ آیت 80 سورۃ قصص آیت 30

"ب" سے شروع ہونے والے نام

بُشریٰ یہ نام قرآن میں 14 بار آیا ہے سورۃ البقرہ آیت 97 سورۃ آل عمران آیت 126 سورۃ الانفال آیت 10 سورۃ یونس آیت 64 سورۃ ھود میں 2 بار آیات 69، 74 سورۃ یوسف آیت 19 سورۃ نحل میں 2 بار آیات 89، 102 سورۃ فرقان آیت 22 سورۃ نحل آیت 2 سورۃ عنکبوت آیت 31 سورۃ زمر آیت 17 سورۃ احقاف آیت 12

بصیرہ یہ نام قرآن میں 2 بار آیا ہے۔ سورۃ یوسف آیت 108 سورۃ قیامہ آیت 14

بنسین یہ نام قرآن میں 12 بار آیا ہے سورۃ آل عمران آیت 14 سورۃ

الانعام آیت 100 سورۃ نحل 72 سورۃ اسراء آیت 6 اور 40 سورۃ مومنون آیت 55 سورۃ شعراء آیت 33 سورۃ ص 10 تا آیت 153 سورۃ زخرف آیت 16 سورۃ قلم آیت 14 سورۃ نوح آیت 12 سورۃ مدثر آیت 13

"ت" سے شروع ہونے والے نام

تسنیم یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے۔ سورۃ مطففین آیت 27

تبسّم یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے۔ سورۃ نمل آیت 19

تسلیماً یہ نام قرآن میں 3 بار آیا ہے۔ سورۃ نساء آیت 65 سورۃ الاحزاب میں 2 بار آیات 22 اور 56 قرآن میں لفظ تسلیم نہیں آیا۔

تنزیلا یہ نام قرآن میں 4 بار آیا ہے۔ سورۃ اسراء آیت 106 سورۃ طٰہٰ آیت 4 سورۃ فرقان آیت 25 سورۃ دہر آیت 23

تنزیل یہ نام قرآن میں 11 بار آیا ہے۔ سورۃ شعراء آیت 192 سورۃ سجدہ آیت 2 سورۃ یٰسین آیت 5 سورۃ زمر آیت 1 سورۃ غافر آیت 2 سورۃ فصلت میں 2 بار آیات 2 اور 42 سورۃ جاثیہ آیت 2 سورۃ احقاف آیت 2 سورۃ واقعہ آیت 80 سورۃ حاقہ آیت 43

تلاوت یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے سورۃ البقرہ آیت 121

"ث" سے شروع ہونے والے نام

ثمن یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے۔ سورۃ یوسف آیت 20

ثمانین یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے۔ سورۃ نور آیت 4

ثیاب یہ نام قرآن میں 2 بار آیا ہے۔ سورۃ حج آیت 19

ثمرہ یہ نام قرآن میں 2 بار آیا ہے۔ سورۃ البقرہ آیت 25 سورۃ الانعام آیت 99

"ج" سے شروع ہونے والے نام

جاریہ یہ نام قرآن میں 2 بار آیا ہے۔ سورۃ حاقہ آیت 11 سورۃ غاشیہ آیت 12

جثمین یہ اُردو میں جاثمین لکھا جاتا ہے یہ نام قرآن میں 5 بار آیا ہے۔ سورۃ الاعراف میں 2 بار آیات 78 اور 91 سورۃ ہود میں 2 بار آیات 67 اور 94 سورۃ عنکبوت آیت 37

جبین یہ نام قرآن میں 1 بار آیا ہے۔ سورۃ صافات آیت 103

جَنّۃ یہ اُردو میں جنت لکھا جاتا ہے۔ یہ نام قرآن میں 66 بار آیا ہے۔ سورۃ الاعراف میں 10 بار سورۃ البقرہ میں 7 بار سورۃ آل عمران میں سورۃ فرقان میں 3,3 بار سورۃ نساء سورۃ مائدہ سورۃ توبہ سورۃ یٰسین سورۃ رعد سورۃ نمل سورۃ اسراء سورۃ عنکبوت سورۃ غافر سورۃ فصلت سورۃ شوریٰ سورۃ ق سورۃ نجم سورۃ واقعہ سورۃ حدید سورۃ تحریم سورۃ قلم سورۃ حاقہ سورۃ معارج سورۃ دہر سورۃ نازعات سورۃ التکویر سورۃ الغاشیہ میں 1,1 بار سورۃ ہود سورۃ مریم سورۃ طٰہٰ سورۃ شعراء سورۃ یٰسین سورۃ زمر سورۃ زخرف سورۃ احقاف سورۃ محمد سورۃ حشر میں 2,2 بار

"ح" سے شروع ہونے والے نام

حجاب یہ نام قرآن میں 5 بار آیا ہے۔ سورۃ الاعراف آیت 46 سورۃ الاحزاب آیت 53 سورۃ ص آیت 32 سورۃ فصلت آیت 5 سورۃ شوریٰ آیت 51 لفظ حجاباً قرآن میں 2 بار سورۃ اسراء آیت 45 سورۃ مریم آیت 17 میں آیا ہے۔

حُور یہ نام قرآن میں 4 بار آیا ہے۔ سورۃ دخان آیت 54 سورۃ طور آیت 20 سورۃ رحمٰن آیت 72 سورۃ واقعہ آیت 22

